سوال

(175)ماہواری کے ایام میں کمی وزیادتی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مجھےاپنے ماہانہ ایام میں یہ صورت پیش آتی ہے کہ پہلے چار دن خون آتا ہے، پھر تین دن کےلیے رک جاتے ہیں، اور ساتویں دن پھر شروع ہو جاتا ہے مگرپہلے سے کم، اور پھر اس کا رنگ نسواری سا ہو جاتا ہے اور بارھویں دن تک ایسے ہی رہتا ہے۔ براہ مہربانی مجھے اس مسئلہ میں رہنمائی فرمائیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کے یہ سب ایام چار اور پھر چھ، یہ سب حیض کے ایام ہیں۔ آپ کو ان میں نماز روزہ موقوف کر دینا چاہیے۔ اور آپ کے شوہر کےلیے ان دنوں میں آپ کی قربت جائز نہیں ہے۔ چار دنوں کے بعد آپ کو لازم ہے کہ غسل کریں اور نماز ادا کریں۔ اور آپ ان طہر کے دنوں میں اپنے شوہر کےلیے بھی حلال ہوں گی اور روزہ بھی رکھ سکتی ہیں، بلکہ رمضان میں تو روہ واجب ہوتا ہے، اور اسی طرح بعد کے چھ دنوں میں۔ اور پھر ان کے بعد آپ پر پاکیزہ عورتوں کی طرح غسل کر کے نماز اور روزہ واجب ہے۔ بات یہ ہے کہ ماہانہ عادت میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے اور کبھی یہ دن اکٹھے ہوتے ہیں تو کبھی فرق سے بھی ہوتے ہیں۔

اللہ عزوجل سب کو اپنے پسندیدہ اعمال کی توفیق عنایت فرمائے اور ہمیں اور آپ اور سب مسلمانوں کو دین کی سمجھ اور اس پر ثابت قدمی سے سرفراز کرے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 196

محدث فتویٰ